# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 19 October-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۹/ اکتوبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ جی ایس ٹی اصلاحات سے ملک کی معیشت کو رفتار ملی ہے۔مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن کا استدلال۔

☆ ستمبر میں ہوئی شدید بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ کسانوں کیلئے تین ہزار 258 کروڑ روپے سے زیادہ امدادی فنڈ کا اعلان۔

☆ ہر طرف دیوالی تہوار کا جوش وخروش؛ بازاروں میں خریداروں کا ہجوم۔

☆ ریاست میں ’’تہوار مہاراشٹرا کا‘ عزم غذائی تحفظات کا‘‘ خصوصی معائنہ مہم کے دوران خوردنی اشیا کی جانچ۔

اور۔۔۔☆ عالمی شاٹ گن چیمپئن شپ میں نشانہ باز زورآور سنگھ سندھو نے کانسے کا تمغہ جیتا، تیر اندازی عالمی کپ میں جیوتی سریکھا وینم بھی کانسے کے تمغے کی حقدار۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رامن نے کہا ہے کہ جی ایس ٹی کی شرحوں میں کمی نے ملک کی معیشت کو ایک بڑی رفتار دی ہے، اور تہواروں کے دوران الیکٹرانکس، گاڑیوں اور اشیائے ضروریہ کی خریداری میں زبردست اضافہ ہوا ہے۔ وہ کل دہلی میں مرکزی وزیر پیوش گوئل اور اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو کے ساتھ ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس کی شرح میں کمی کا فائدہ عام لوگوں تک پہنچ رہا ہے۔ اسی طرح مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ جی ایس ٹی اصلاحات کے بعد اس سال نوراتری کے دوران فروخت میں ریکارڈ اضافہ ہوا، ویشنو نے بتایا کہ گزشتہ نوراتری کے مقابلے اس سال الیکٹرانکس اشیاء کی فروخت میں 25 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا...

***Byte: Union Minister Ashwini Vaishnav***

اس موقعے پر پیوش گوئل نے نشاندہی کی کہ عالمی غیر یقینی صورتحال کے باوجود ملک کی اقتصادی ترقی کی شرح مضبوط ہے، اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں نے بھی اپنی اقتصادی ترقی کی پیشن گوئی چھ اعشاریہ چھ فیصد کر دیا ہے۔ گوئل نے کہا کہ بالواسطہ ٹیکس کے میدان میں ان اصلاحات کی وجہ سے ملک میں سرمایہ کاری، صنعتوں اور کاروبار میں لین دین اور بنیادی ڈھانچے پر ہونے والے اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، اور یہ آزادی کے بعد ایک بڑی تبدیلی ہے۔ انھوں نے کہا۔

***Byte: Union Minister Piyush Goyal***

***** ***** *****

اتر پردیش کے لکھنؤ میں تیار کردہ براہموس میزائل کو کل وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ کی موجودگی میں قوم کے نام وقف کیا گیا۔ اس موقعے پر وزیرِ دفاع سنگھ نے کہا کہ براہموس صرف ایک میزائل نہیں ہے بلکہ بھارت کی بڑھتی ہوئی مقامی پیداواری صلاحیتوں کی علامت ہے۔ انھوں نے کہا کہ جدید ترین نظام اور طویل فاصلے تک مار کرنے کی صلاحیت رکھنے والا یہ میزائل رفتار، درستگی اور طاقت کا مجموعہ ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے ستمبر کے مہینے میں شدید بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ کسانوں کی مدد کیلئے تین ہزار 258 کروڑ روپے سے زیادہ کی امداد فراہم کرنے سے متعلق سرکاری فیصلہ کل جاری کیا۔ ریاست بھر کے 23 اضلاع کے 33 لاکھ 65 ہزار 544 کسانوں کو اس امداد سے فائدہ پہنچے گا۔ ان کسانوں کا تعلق ناگپور، امراوتی، پونے، ناسک اور کوکن ڈویژنوں کے اضلاع سے ہے۔ یہ معاوضہ ان اضلاع میں 27 لاکھ 59 ہزار ہیکٹر سے زیادہ زراعت کو پہنچنے والے نقصان کیلئے دیا جائے گا۔ ریاست کے امداد اور بازآبادکاری کے وزیر مکرند جادھو پاٹل نے بتایا کہ اس سال کے خریف ہنگام کے دوران ہونے والے نقصانات کیلئے اب تک امداد کی تقسیم کیلئے مجموعی طور پر ساڑھے سات ہزار کروڑ روپے کی منظوری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

دھن تیرس کا تہوار کل منایا گیا۔ اس دوران مختلف مذہبی روایتی رسومات ادا کی گئیں۔ کپڑوں اور گھروں کے سجاوٹی سامان کے ساتھ سونے، چاندی کی اشیاء اور زیورات کا بھی بڑے پیمانے پر کاروبار ہوا۔ بازار ہر طرف گاہکوں سے بھرے ہوئے دکھائی دیئے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے صرافہ بازار میں شہریوں کی بڑی بھیڑ دیکھی گئی۔ بازار میں الیکٹرانک سامان، دو پہیہ گاڑیاں، فور وہیلر اور کپڑوں کی خریداری کیلئے زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آیا۔ شام کے بعد آسمان آتش بازی کی روشنی سے جگمگا اٹھا۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ اور ریاستی گورنر آچاریہ دیووَرت نے دیوالی کے موقع پر شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

بھارت نے اپنی پہلی مقامی اینٹی بائیوٹک Nafi-thromycin۔ (نیفی تھرومائیسن) تیار کی ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کل نئی دہلی میں ایک طبّی ورکشاپ کا افتتاح کرتے ہوئے یہ اطلاع دی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ اینٹی بائیوٹک سانس کے عارضے بالخصوص کینسر اور ذیابیطس کے تشویشناک مریضوں کیلئے کارگر ثابت ہوگی۔

***** ***** *****

ادویہ اور خوراک انتظامیہ کے تحت ریاست میں ایک خصوصی معائنہ مہم ''تہوار مہاراشٹرا کا، عزم غذائی تحفظات کا'' چلائی جارہی ہے، جس کے تحت 12 اکتوبر تک تین ہزار 458 خوردنی اشیا فراہم کرنے والے اداروں کی جانچ کی گئی۔ اس کے تحت مختلف کھانے پینے کی اشیاء کے کل چار ہزار 676 نمونوں کی جانچ کی گئی اور ایک ہزار 431 اداروں کو اشیا میں بہتری کیلئے باقاعدہ نوٹس دیے گئے۔ محکمہ نے بتایا کہ 48 اداروں کے لائسنس معطل اور ایک ادارے کا لائسنس منسوخ کر دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

نندور بار ضلع میں ایک خانگی گاڑی کھائی میں گرنے کے سبب پیش آئے حادثے میں آٹھ افراد ہلاک اور 28 مسافر زخمی ہو گئے۔ جن میں سے 15 افراد کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے۔ یہ حادثہ اَستمبا یاترا سے واپسی کے دوران چاند شیلی گھاٹ پر پیش آیا۔ زخمیوں کا نندور بار ضلع اسپتال میں علاج کیا جا رہا ہے۔ حادثے کا شکار گاڑی میں چالیس سے زائد مسافر سوار تھے۔ نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے اس حادثے پر رنج و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ کو زخمیوں کا فوری علاج کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔

***** ***** *****

علی باغ کی ضلع عدالت نے شیتکری کامگار پارٹی کے جنرل سکریٹری جینت پاٹل کو ایک صحافی کے ساتھ مار پیٹ کے معاملے میں قصور وار ٹھہراتے ہوئے پانچ ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ ساتھ ہی پاٹل کو ایک سال کے بہتر برتاؤ کا حلف نامہ دینے کا بھی حکم دیا ہے۔ جینت پاٹل نے صحافی ہرشد کشاڑکر کے ساتھ 2019 کے انتخابات کی خبر نگاری کے دوران مار پیٹ کی تھی۔

***** ***** *****

لائنس کلب ناندیڑ سنٹرل، امرناتھ یاتری سنگھ اور ناندیڑ شہر بی جے پی کی جانب سے گزشتہ کئی سالوں سے ناندیڑ میں پنچوٹی ہنومان مندر کے قریب ’’بھاؤ چا مانُسکی چا فریج‘‘ پہل پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ اس فریج سے روزانہ سو کے قریب ضرورت مندوں کو کھانا فراہم کیا جاتا ہے۔ دیوالی کے دوران اس فریج سے تقریباً سو کوئنٹل مٹھائیاں بھی تقسیم کی جاتی ہیں۔

***** ***** *****

یونان کے شہر اتھینس میں جاری آئی ایس ایس ایف ورلڈ چیمپئن شپ شاٹ گن 2025 مقابلوں میں بھارتی نشانہ باز زوراور سنگھ سندھو نے مردوں کے ٹریپ میں کانسے کا تمغہ جیت کر تاریخ رقم کی۔ زوراور نے فائنل مقابلے میں 50 میں سے 31 پوائنٹس حاصل کر کے کانسے کا تمغہ جیتا۔ شاٹ گن ورلڈ چیمپئن شپ میں مردوں کے ٹریپ شوٹنگ مقابلے میں یہ ملک کا تیسرا تمغہ ہے۔

***** ***** *****

چین میں جاری تیر اندازی کے عالمی کپ میں بھارت کی جیوتی سریکھا وینّم نے کمپاؤنڈ زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ وہ اس مقابلے میں کمپاؤنڈ زمرے میں تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی تیر انداز بن گئی ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور آسٹریلیا کے مابین تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کا آج سے آغاز ہو رہا ہے۔ یہ مقابلے آسٹریلیا کے شہر پرتھ میں کھیلے جائیں گے۔ روہت شرما اور ویراٹ کوہلی طویل وقفے کے بعد میدان میں اتریں گے۔ یہ دونوں تجربہ کار کرکٹرز پہلی بار شبھمن گل کی قیادت میں کھیلیں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پیٹھن ڈپو میں آٹھ نئی الیکٹرک بسیں شامل کی گئی ہیں۔ یہ بسیں چھترپتی سمبھاجی نگر تا جالنہ شاہراہ پر چلائی جائیں گی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے سور یوگ میوزک کالج کے زیرِ اہتمام کل گووند بھائی شراف للت کلا ہال میں دیپاولی موسیقی پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر گلوکاروں نے مختلف قسم کے نغمے پیش کیے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ جی ایس ٹی اصلاحات سے ملک کی معیشت کو رفتار ملی ہے۔مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن کا استدلال۔

☆ ستمبر میں ہوئی شدید بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ کسانوں کیلئے تین ہزار 258 کروڑ روپے سے زیادہ امدادی فنڈ کا اعلان۔

☆ ہر طرف دیوالی تہوار کا جوش وخروش؛ بازاروں میں خریداروں کا ہجوم۔

☆ ریاست میں ''تہوار مہاراشٹر کا' عزم غذائی تحفظات کا'' خصوصی معائنہ مہم کے دوران خوردنی اشیا کی جانچ۔

اور۔۔۔☆ عالمی شاٹ گن چیمپئن شپ میں نشانہ باز زوراور سنگھ سندھو نے کانسے کا تمغہ جیتا، تیر اندازی عالمی کپ میں جیوتی سریکھا وینم بھی کانسے کے تمغے کی حقدار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****